سنّی مسنون دعائیں

بفیضِ غوث و خواجہ رضا حامد و مصطفیٰ جانی میاں
وحضور تاج الشریعہ و تمام اولیاء رضی اللہ تعالیٰ عنھم

مرتب: سگِ امام احمد رضا غلام مصطفیٰ رضوی

بسم اللہ الرحمن الرحیم

روز مرّہ کی مسنون دعائیں۔

اس کتاب کی فہرست آخر میں ہے۔

(ہر دُعا کے اوّل و آخر درود شریف پڑھے۔)

غلامِ مصطفی رضوی بریلوی ملکاپوری

9975578672

9975578639

9975557865

9766778631

PRESENTED BY NOORI BAREILVI SISTERS

درودِ رضویہ

صَلَّی اللّٰہُ عَلَی النَّبِیِّ الْاُمِّیِّ

وَاٰلِہٖ صَلَّی اللّٰہُ عَلَیْہِ وَسَلَّمَ

صَلَاۃً وَّسَلَامًا عَلَیْکَ

یَا رَسُوْلَ اللّٰہِ۔

اے اللہ درود بھیج
نبی امّی صلی اللہ تعالی علیہ وسلم پر
اور ان کی آل پر رحمت نازل فرمائے
اللہ تعالی ان پر اور سلامتی۔
صلاۃ وسلام ہو آپ پر اے اللہ کے رسول۔

درودِ غوثیہ

اَللّٰھُمَّ صَلِّ عَلٰی سَیِّدِنَا

وَمَوْلَانَا مُحَمَّدٍ مَّعْدِنِ الْجُوْدِ

وَالْکَرَمِ وَعَلٰی اٰلِہٖ وَبَارِکْ وَسَلِّمْ۔

اے اللہ ہمارے سردار و آقا مولیٰ

حضرت محمد صلی اللہ تعالی علیہ و سلم پر

جو جود و کرم کا خزینہ ہیں

اور ان کی آل پر درُود برکت

اور سلام بھیج۔

اِسلامی کلمے مترجم

اوّل کلمہ طیبہ

لَآ اِلٰہَ اِلَّا اللّٰہُ مُحَمَّدٌ رَّسُوْلُ اللّٰہِ۔

اللہ تعالیٰ کے سوا کوئی عبادت کے لائق نہیں۔
محمد صلی اللہ علیہ وآلہٖ وسلم خدائے تعالیٰ کے رسول ہیں۔

دوسرا کلمہ شہادت

اَشْھَدُ اَنْ لَّآ اِلٰہَ اِلَّا اللّٰہُ وَ اَشْھَدُ
اَنَّ مُحَمَّدً عَبْدُہٗ وَ رَسُوْلُہٗ۔

میں گواہی دیتا ہوں کہ خدائے تعالیٰ کے سوا کوئی
عبادت کے لائق نہیں اور میں گواہی دیتا ہوں کہ
محمد صلی اللہ علیہ وآلہٖ وسلم اس کے بندے اور اس کے رسول ہیں۔

تیسرا کلمہ تمجید

سُبْحَانَ اللّٰهِ وَالْحَمْدُ لِلّٰهِ
وَلَآ اِلٰهَ اِلَّا اللّٰهُ وَاللّٰهُ اَكْبَرُ
وَلَا حَوْلَ وَلَا قُوَّةَ
اِلَّا بِاللّٰهِ الْعَلِيِّ الْعَظِيْمِ۔

خدائے تعالیٰ ہر عیب سے پاک ہے اور سب تعریف اللہ تعالیٰ کے لیے ہے۔ اور خدائے تعالیٰ کے سوا کوئی عبادت کے لائق نہیں اور اللہ سب سے بڑا ہے اور طاقت و قوت دینے والا صرف خدائے بزرگ برتر ہے۔

چوتھا کلمہ توحید

لَآ اِلٰهَ اِلَّا اللّٰهُ وَحْدَهٗ لَا شَرِيْكَ لَهٗ

لَهُ الْمُلْكُ وَلَهُ الْحَمْدُ يُحْيِيْ

وَيُمِيْتُ وَهُوَ حَيٌّ لَّا يَمُوْتُ

بِيَدِهِ الْخَيْرُ وَهُوَ عَلٰى كُلِّ

شَيْءٍ قَدِيْرٌ۔

اللہ تعالیٰ کے سوا کوئی معبود نہیں وہ اکیلا ہے اس کا
کوئی ساجھی نہیں۔ اسی کے لے بادشاہت ہے اور اسی
کے لئے تعریف ہے۔ وہی زندگی دیتا ہے اور وہی موت دیتا
ہے اور وہ زندہ ہے کبھی نہ مریگا۔ اسی کے ہاتھ میں
ہر قسم کی بھلائی ہے وہ سب کچھ کر سکتا ہے۔

پانچواں کلمہ ردِّ کفر

اَللّٰھُمَّ اِنِّیۡ اَعُوۡذُبِکَ مِنۡ اَنۡ اُشۡرِکَ بِکَ
شَیۡئًاوَّ اَنَا اَعۡلَمُ بِہٖ وَ اَسۡتَغۡفِرُکَ لِمَا لَآ اَعۡلَمُ
بِہٖ تُبۡتُ عَنۡہُ وَ تَبَرَّ أۡتُ مِنَ الۡکُفۡرِ وَ الشِّرۡکِ
وَ الۡکِذۡبِ وَ الۡغِیۡبَۃِ وَ الۡبُھۡتَانِ وَ الۡمَعَاصِیۡ
کُلِّھَا وَ اَسۡلَمۡتُ وَ اٰمَنۡتُ وَ اَقُوۡلُ
لَآ اِلٰہَ اِلَّا اللّٰہُ مُحَمَّدٌ رَّسُوۡلُ اللّٰہِ۔

اے اللہ! بیشک میں تیری پناہ چاہتا ہوں تیرے ساتھ کسی چیز کو شریک کرنے سے کہ جس کو میں جانتا ہوں۔ اور میں معافی چاہتا ہوں تجھ سے اس چیز کے بارے میں کہ جس کو میں نہیں جانتا ہوں۔ توبہ کی میں نے اس سے اور بیزار ہوا میں کفر سے، شرک سے اور جھوٹ اور غیبت سے اور چغلی سے اور بیحیائی کے کاموں سے اور کسی پر بہتان باندھنے سے اور ہر قسم کے نافرمانیوں سے اور اسلام لایا میں اور ایمان لایا میں اور میں کہتا ہوں کہ خدائے تعالٰی کے سوا کوئی عبادت کے لائق نہیں۔ محمد صلی اللہ علیہ وآلہٖ وسلم اللہ کے رسول ہیں۔

اِیمانِ مجمل

اٰمَنۡتُ بِاللّٰہِ کَمَا ھُوَ بِاَسۡمَآئِہٖ

وَصِفَاتِہٖ وَقَبِلۡتُ جَمِیۡعَ اَحۡکَامِہٖ

اِقۡرَارٌۢ بِاللِّسَانِ وَتَصۡدِیۡقٌۢ بِالۡقَلۡبِ۔

ایمان لایا میں اللہ تعالٰی پر جیسا کہ وہ اپنے ناموں اور صفتوں کے ساتھ ہے اور میں نے اس کے سب حکموں کو قبول کیا اور اس کا زبان سے اقرار ہے اور دل سے یقین۔

اِیمانِ مفصّل

اٰمَنۡتُ بِاللّٰہِ وَمَلٰٓئِکَتِہٖ وَکُتُبِہٖ وَرُسُلِہٖ

وَالۡیَوۡمِ الۡاٰخِرِ وَالۡقَدۡرِ خَیۡرِہٖ وَشَرِّہٖ

مِنَ اللّٰہِ تَعَالٰی وَالۡبَعۡثِ بَعۡدَ الۡمَوۡتِ۔

میں ایمان لایا اللہ تعالٰی پر اور اس کے فرشتوں پر اور اس کی کتابوں پر اور اس کے رسولوں پر اور قیامت کے دن پر اور اس بات پر کے تقدیر کی اچھائی اور برائی اللہ تعالٰی کی طرف سے ہے اور اس بات پر ایمان لایا کے مرنے کے بعد پھر دوبارہ زندہ ہونا ہے۔

دعا کی اہمیت وفضیلت

قرآن کریم میں اللہ تعالیٰ نے مسلمانوں سے فرمایا ہے کہ وہ دعائیں مانگا کریں وہ ضرور انہیں قبول فرمائے گا۔ چنانچہ فرماتا ہے۔

وَقَالَ رَبُّكُمُ ادْعُوْنِيْٓ اَسْتَجِبْ لَكُمْ اور اللہ سے دعائیں مانگو وہ تمہاری دعاؤں کو قبول فرمائے گا۔ اس آیت مبارکہ میں اللہ تبارک وتعالیٰ نے بندوں کو دعا مانگنے کی تاکید فرمائی ہے اور اسے قبول کرنا اپنے ذمہ کرم پر لیا ہے۔ حدیث پاک میں آیا ہے کہ نبی پاک ﷺ نے دعا سے متعلق فرمایا ''اَلدُّعَاءُ مُخُّ الْعِبَادَةِ'' دعا عبادت کا مغز ہے۔

علاوہ ازیں احادیث مبارکہ میں دعا کی بڑی اہمیت وفضیلت بیان فرمائی گئی ہے جن میں یہ خاص طور پر قابل ذکر ہیں۔ دعا مؤمن کا ہتھیار ہے (مشکوٰۃ) دعا تقدیر کو پلٹ دیا کرتی ہے (مشکوٰۃ) اور یہ بھی فرمایا کہ جو اللہ سے دعا نہیں مانگتا اللہ تعالیٰ اس پر غضب ناک ہوتا ہے (حصن حصین) لہٰذا ہمیں دعا مانگنے میں کسی طرح کی سستی وغفلت نہیں کرنی چاہیے بلکہ دعاؤں کی برکتوں سے اپنی بگڑی قسمت جگمگانے کی کوشش کرنی چاہیے۔

اور خاص طور پر ہمیں ان دعاؤں کا وِرد کرنا چاہیے جو حضور سے ثابت ہیں یا قرآن کریم میں ان کا ذکر ہو۔ اس سے انشاء اللہ تعالیٰ دعا جلد قبول ہوگی۔

دعائیں قبول ہونے کے اوقات

(۱) لیلۃ القدر (رمضان المبارک کی ستائیسویں رات)، (۲) یوم عرفہ (ذوالحجہ کی نویں تاریخ)، (۳) رمضان المبارک (پورا مہینہ)، (۴) شب برأت (پندرہویں شعبان کی رات)، (۵) جمعہ کی رات (خاص طور پر امام کے منبر پر بیٹھنے سے خطبہ سے فارغ ہونے تک)، (۶) جمعہ کے دن عصر سے مغرب کے درمیان کا وقت، (۷) رات کا پہلا تہائی یا درمیانی حصہ۔ (۸) رات کا نصف آخر۔ (۹) وقت سحر۔ (۱۰) افطار کے وقت۔ (۱۱) فرض نماز کے بعد۔ (۱۲) زمزم پینے کے وقت۔ (۱۳) قرآن مجید کی تلاوت ختم کرنے کے بعد دعائیں قبول ہوتی ہیں۔

جن لوگوں کی دعائیں قبول ہوتی ہیں

(۱) مجبور آدمی (۲) مظلوم اگر چہ گنہگار یا کافر ہو۔ (۳) باپ کی دعا اولاد کے حق میں۔ (۴) انصاف کرنے والے حکمراں کی دعا۔ (۵) نیک آدمی کی دعا۔ (۶) نیک اولاد کی دعا ماں باپ کے حق میں۔ (۷) مسافر کی دعا۔ (۸) مسلمان کی دعا اس کے مسلمان بھائی کے حق میں۔ (۹) جب تک آدمی ظلم یا رشتہ کاٹنے کی دعا نہ کرے یا یہ نہ کہے ''میں نے دعا مانگی مگر قبول نہ ہوئی'' (اس وقت تک دعا قبول ہوتی ہے)

وہ مقامات جہاں دعائیں قبول ہوتی ہیں

(۱) نبی پاک ﷺ کے روضہ مبارک اور اس کے گرد۔(۲) طواف کرنے کی جگہ میں۔(۳) ملتزم کے پاس۔(۴) میزاب رحمت کے نیچے۔(۵) بیت اللہ شریف کے اندر۔(۶) آب زمزم کے پاس۔(۷) صفا و مروہ پہاڑی پر۔(۸) سعی کرنے کی جگہ (یعنی صفا و مروہ کے درمیان جہاں سات چکر لگائے جاتے ہیں۔(۹) مقام ابراہیم کے پاس (مقام ابراہیم دراصل وہ پتھر ہے جس پر کھڑے ہو کر حضرت ابراہیم علیہ السلام نے کعبہ کی دیواریں اور عمارت بنائی قرآن شریف میں اس کا ذکر موجود ہے اور وہاں خاص طور پر نماز پڑھنے کا حکم بھی دیا گیا ہے۔(۱۰) میدان عرفات میں (۱۱) مزدلفہ میں۔(۱۲) منیٰ میں۔(۱۳) تینوں جمروں کے پاس۔(یہ تین ٹیلے ہیں جہاں حج کے درمیان کنکری ماری جاتی ہے)۔(۱۴) اولیاے کرام کے مزارات کے پاس۔(۱۵) مسجد میں۔

نوٹ: ان میں اکثر وہ جگہیں ہیں جہاں عام طور پر لوگ نہیں جا پاتے لہٰذا جانے والوں سے اپنے حق میں دعائیں کرانی چاہیے۔

دعا کے آداب

آداب دعا میں سے بعض ارکان کی حیثیت رکھتے ہیں جن کے کرنے کا حکم فرمایا گیا ہے اور بعض سے بچنے کو کہا گیا ہے۔اور وہ آداب یہ ہیں: (۱) کھانے پینے لباس اور کاروبار میں حرام سے بچنا۔(۲) اللہ تعالیٰ کا مخلص بندہ ہونا۔(۳) دعا کرنے سے پہلے نیک کام کرنا اور سختی کے وقت اسے یاد کرکے دعا مانگنا۔(۴) پاک وصاف حالت میں ہونا۔(۵) باوضو ہونا۔(۶) قبلہ رخ ہونا۔(۷) دوزانو ہو کر بیٹھنا۔(۸) دعا کے اول و آخر اللہ کی تعریف بیان کرنا۔(۹) دعا کی ابتداء و انتہا میں حضور پر درود بھیجنا۔(۱۰) ہاتھوں کو پھیلا کر رکھنا، ہاتھوں کو اٹھا کر مونڈھے کے برابر اور کھول کر رکھنا۔(۱۱) ادب و احترام سے دعا مانگنا عاجزی اختیار کرنا، گڑگڑا کر دعا مانگنا۔(۱۲) دعا مانگتے وقت آسمان کی طرف نہ دیکھنا دعا مانگنے میں پر تکلف خوش الحانی نہ کرنا اور ساتھ ہی بناوٹی انداز اختیار کرنے سے بچنا۔(۱۳) دعا کے وقت اللہ تعالیٰ کی بارگاہ میں انبیاء کرام اور اولیاء عظام کا وسیلہ پیش کرنا۔(۱۴) آواز پست رکھنا اور اپنے گناہوں کا اعتراف کرنا۔(۱۵) نبی پاک ﷺ کی بتائی ہوئی صحیح دعائیں اختیار کرنا کیونکہ آپ ﷺ نے کوئی دعا سکھانے سے چھوڑا نہیں۔(۱۶) پہلے اپنے لئے دعا مانگے پھر ماں باپ، بھائی بہن اور باقی مسلمانوں کیلئے دعا مانگے۔(۱۷) صرف اپنے ہی لئے دعا نہ مانگے بلکہ دوسروں کے لئے بھی دعا مانگے۔(۱۸) پختہ یقین سے دعا مانگنا چاہئے۔(۱۹) دل کی گہرائی سے دعا مانگنا دل کو حاضر رکھنا اور قبولیت کی امید رکھنا بار بار دعا مانگنا۔(۲۰) دعا میں حد سے نہ بڑھنا مثلاً کسی ناممکن چیز کے حاصل ہونے کے لئے دعا کرنا۔(۲۱) اللہ کی رحمت میں تنگی نہیں کرنی چاہئے یعنی یہ نہ کہے" مجھے دے اور کسی دوسرے کو نہ دے۔"(۲۲) دعا مانگنے اور سننے والوں کا آمین کہنا۔(۲۳) دعا سے فارغ ہونے کے بعد دونوں ہاتھوں کو چہرے پر پھیرنا۔(۲۴) قبولیت میں جلدی نہ کرنا یعنی یہ کہ اس طرح نہ کہے کہ دعا قبول ہی نہیں ہوتی وغیرہ وغیرہ۔

مومن سے مومن کی ملاقات کے وقت کی دُعا

اَلسَّلَامُ عَلَيْكُمْ وَرَحْمَةُ اللهِ وَبَرَكَاتُهُ وَمَغْفِرَتُهُ

ترجمہ: تم پر سلامتی ہو اور اللہ کی رحمت اور برکتیں ہوں اور مغفرت ہو۔ (ابو داؤد)

سلام کا جواب اس طرح دے

وَعَلَيْكُمُ السَّلَامُ وَرَحْمَةُ اللهِ وَبَرَكَاتُهُ وَمَغْفِرَتُهُ

ترجمہ: اور تم پر بھی سلامتی ہو اور اللہ کی رحمت اور برکتیں ہوں اور مغفرت ہو۔ (ترمذی)

مصافحہ

مصافحہ کرتے وقت یہ درُود پڑھنا چاہیے

اَللّٰھُمَّ صَلِّ عَلٰی سَیِّدِنَا مُحَمَّدٍ وَّ اَنْزِلْہُ الْمَقْعَدَ الْمُقَرَّبَ عِنْدَکَ یَوْمَ الْقِیٰمَۃِ۔

ترجمہ: اے اللہ درود بھیج ہمارے سردار محمد صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم پر اور ان کو قیامت کے دن ایسی جگہ میں اتار جو تیرے نزدیک مقرّب ہو۔ (مدارج النبوت)

اور یہ دعا پڑھے

یَغْفِرُ اللّٰہُ لَنَا وَلَکُمْ۔

اللہ تعالٰی ہماری اور تمہاری مغفرت فرمائے۔ (مشکوٰۃ)

گھر میں داخل ہونے کے آداب
یقیناً تنگدستی کا خاتمہ

۱__ سلام کرے
۲__ درود و سلام بھیجے
۳__ ایک بار سورۂ اخلاص پڑھے (قرطبی)

پھر
گھر میں داخل ہونے کی دعا پڑھیں

اَللّٰھُمَّ اِنِّیْ اَسْئَلُکَ خَیْرَ الْمَوْلَجِ وَخَیْرَ الْمَخْرَجِ بِسْمِ اللّٰہِ وَلَجْنَا وَبِسْمِ اللّٰہِ خَرَجْنَا وَعَلَی اللّٰہِ رَبِّنَا تَوَکَّلْنَا۔

ترجمہ: اے اللہ میں تجھ سے اندر آنے اور باہر جانے کی بھلائی طلب کرتا ہوں اللہ کے نام سے ہم اندر آئے اور اللہ کے نام سے باہر نکلے اور اللہ پر جو ہمارا رب ہے ہم نے بھروسہ کیا۔ (ابوداؤد)

اگر گھر میں کوئی بھی موجود نہ ہو تو یوں سلام کرے

اَلسَّلَامُ عَلَیْكَ اَیُّهَا النَّبِیُّ۔

صلی اللہ تعالٰی علیہ وسلّم

ترجمہ : اے اللہ کے نبی آپ پر سلام ہو۔
(ردالمحتار و مرقاۃ)

یا اس طرح سلام کرے

اَلسَّلَامُ عَلَیْنَا وَعَلٰی عِبَادِ اللهِ الصَّالِحِیْنَ۔

ترجمہ : سلام ہو ہم پر اور اللہ کے نیک بندوں پر۔

گھر سے نکلتے وقت کی دعا

بِسۡمِ اللّٰہِ تَوَکَّلۡتُ عَلَی اللّٰہِ

لَا حَوۡلَ وَلَا قُوَّۃَ اِلَّا بِاللّٰہِ۔

ترجمہ: اللہ کے نام سے (گھر سے نکلتا ہوں)
میں نے اللہ پر بھروسہ کیا اللہ تعالیٰ کے
بغیر نہ طاقت ہے (گناہوں سے بچنے کی)
اور نہ قوت ہے (نیکیاں کرنے کی)۔ (ابوداؤد)

جب تک نبی کریم ﷺ کی تعظیم نہ ہو،
عمر بھر عبادت الٰہی میں گزارے
سب بیکار و مردود ہے۔
-اعلیحضرت رضی اللہ تعالیٰ عنہ

سونے کے آداب

ہر بلا سے حفاظت

بِسْمِ اللّٰہِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِیْمِ پڑھ کر تین بار بستر جھاڑے۔

بستر ہر بیٹھ کر تین بار درود شریف پڑھیں۔

ایک بار آیۃالکرسی پھر ایک بار تسبیحِ فاطمہ پڑھے۔

ایک بار سورۃ فاتحہ ایک بار الٓمٓ سے مُفْلِحُوْنَ تک پڑھیں۔

ایک بار سورۃ بقرہ کی آخری دو آیت آمَنَ الرَّسُوْلُ سے

کَافِرِیْنَ تک پڑھیں۔

پھر ایک بار سورۃ کہف کی آخری چار آیات پڑھیں۔

فائدہ : شب میں یا صبح جس وقت جاگنے کی نیت سے

پڑھے آنکھ کھلے گی۔ (سنن دارمی)

پھر دونوں ہاتھ پھیلا کر تینوں قل ایک ایک بار پڑھے۔

آخر میں سورۃ کَافِرُون پڑھیں پھر تین بار درود شریف

پڑھیں پھر دونوں ہاتھوں پر دم کرکے سر اور چہرے

اور سینے اور تمام بدن پر تین بار ہاتھ پھیرے۔ (صحیح بخاری)

پھر اِسم محمد صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کا نقشہ بنا کر داہنے کروٹ پر قبلہ رو سو جائیں اور کلام کرنے کی حاجت پیش آئے تو پھر ایک بار سورۃ کافرون پڑھیں۔

سوتے وقت یہ دعا پڑھے

اَللّٰھُمَّ بِاسْمِکَ اَمُوْتُ وَاَحْیٰی۔

ترجمہ : الٰہی میں تیرے نام پر مرتا ہوں اور جیتا ہوں۔ (بخاری و مسلم)

نیند سے بیدار ہونے کی دعا

اَلْحَمْدُ لِلّٰہِ الَّذِیْ اَحْیَانَا بَعْدَ مَآ اَمَاتَنَا وَاِلَیْہِ النُّشُوْرُ۔

ترجمہ : تمام تعریفیں اللہ تعالیٰ کے لیئے جس نے ہمیں موت (نیند) کے بعد حیات (بیداری) عطا فرمائی اور ہمیں اسی کی طرف لوٹنا ہے۔ (بخاری شریف)

یہ دعا پڑھتے ہوئے بائیں کروٹ پر ہو کر اُٹھے۔

برا خواب دیکھے تو

کروٹ بدلے اور بائیں طرف تین بار تھوکے اور یہ دعا پڑھے

اَعُوْذُ بِاللّٰہِ مِنَ الشَّیْطَانِ الرَّجِیْمِ۔

ترجمہ: اللہ کی پناہ چاہتا ہوں شیطان مردود سے۔

دیگر

تلاوت قرآن سے پہلے غصہ آنے گدھ اور کتے کی آواز سننے پر یہی دعا پڑھے۔ اَعُوْذُ بِاللّٰہِ مِنَ الشَّیْطَانِ الرَّجِیْمِ۔

(تفسیر نعیمی جلد اوّل، بخاری، ترمذی، ابوداؤد)

وسوسہ دور کرتے وقت کی دعا

اَللّٰہُ اَحَدٌ۔ اَللّٰہُ الصَّمَدُ لَمْ یَلِدْ وَلَمْ یُوْلَدْ وَلَمْ یَکُنْ لَّہٗ کُفُوًا اَحَدٌ۔

اَعُوْذُ بِاللّٰہِ مِنَ الشَّیْطَانِ الرَّجِیْمِ۔

ترجمہ: اللہ تعالٰی ایک ہے، اللہ تعالٰی بے نیاز ہے، نہ اس سے کوئی پیدا ہوا اور نہ وہ کسی سے پیدا ہوا اور نہ اس کا کوئی ہمسر ہے۔ میں شیطان مردود سے اللہ تعالٰی کی پناہ طلب کرتا ہوں۔

(بہار شریعت، فیوض الباری)

جماہی کے وقت کی دعا

لَاحَوْلَ وَلَاقُوَّۃَ اِلَّا بِاللّٰہِ الْعَلِیِّ الْعَظِیْمِ۔

ترجمہ: نہیں طاقت (گناہوں سے بچنے کی) اور نہیں قوت (نیکیاں کرنے کی) مگر اللہ تعالیٰ کی مدد سے جو بلند و بالا، عظمت والا ہے۔ (بخاری)

چھینک آنے پر دعا

اَلْحَمْدُ لِلّٰہِ۔

ترجمہ: تمام تعریفیں اللہ تعالیٰ کے لئے ہیں۔ (مراۃ)

چھینک آنے پر اَلْحَمْدُ لِلّٰہِ کہنے والے کے لئے دعا

یَرْحَمُکَ اللّٰہُ۔

ترجمہ: اللہ تعالیٰ تجھ پر رحم فرمائے۔ (بخاری)

جب کوئی چھینک کا جواب دے تو چھینکنے والے کی اسکے لئے دُعا

يَغْفِرُ اللّٰهُ لَنَا وَلَكُمْ۔

ترجمہ : اللہ تعالٰی ہماری اور تمہاری مغفرت فرمائے۔

(ترمذی)

چھینک کا جواب دینے والا اگر کافر ہو تو اس وقت کی دُعا

يَهْدِيْكُمُ اللّٰهُ وَيُصْلِحُ بَالَكُمْ۔

ترجمہ : اللہ تعالٰی تمہیں ہدایت دے اور تمہارا
حال درست کرے۔ (ترمذی، ابوداؤد)

چھینک آنے پر کوئی جواب دینے والا نہ ہو تو اس وقت کی دُعا

يَغْفِرُ اللّٰهُ لِيْ وَلَكُمْ۔

ترجمہ : اللہ تعالٰی میری اور تمہاری مغفرت فرمائے۔

(مرأۃ)

استنجا کے آداب

استنجا خانہ میں جانے سے پہلے سر ڈھانکیں اندر داخل ہوتے وقت پہلے بایاں قدم ڈالیں استنجا خانہ میں بات چیت نہ کرے استنجا خانہ سے باہر آتے وقت دایاں قدم نکالے

بیت الخلاء میں داخل ہونے سے پہلے کی دُعا

بِسْمِ اللهِ... اَللّٰھُمَّ اِنِّیْ اَعُوْذُبِکَ مِنَ الْخُبُثِ وَالْخَبَآئِثِ۔

ترجمہ: اللہ کے نام سے شروع اے اللہ میں ناپاک جنّوں (نر ومادہ) سے تیری پناہ مانگتا ہوں (ابن اَبی شیبہ، بخاری)

بیت الخلاء سے باہر آنے کے بعد کی دُعا

غُفْرَانَکَ... اَلْحَمْدُ لِلّٰہِ الَّذِیْ اَذْھَبَ عَنِّی الْاَذٰی وَعَافَانِیْ۔

ترجمہ (: اے اللہ) میں تجھ سے مغفرت طلب کرتا ہوں اللہ تعالٰی کا شکر ہے جس نے مجھ سے اذیّت دور کی اور مجھے عافیت دی (ابن حبان، نسائی)

مسجد کو دیکھتے وقت کی دُعا

اَلصَّلَاۃُ وَالسَّلَامُ عَلَیْکَ یَا رَسُوْلَ اللّٰہِ۔

وَعَلٰی اٰلِکَ وَاَصْحَابِکَ یَا حَبِیْبَ اللّٰہِ۔

(جذب القلوب الٰی دیارالمحبوب)

مسجد میں داخل ہونے کا طریقہ

جب بھی مسجد میں داخل ہو تو دایاں قدم اندر رکھکر مسجد میں داخل ہو اور مسجد سے نکلتے وقت بایاں قدم باہر رکھکر مسجد سے نکلے۔

مسجد میں داخل ہونے کی دُعا

اَللّٰھُمَّ فْتَحْ لِیْ اَبْوَابَ رَحْمَتِکَ۔

ترجمہ: اے اللہ میرے لئے اپنی رحمت کے دروازے کھول دے۔ (ابن ماجہ)

مسجد سے نکلتے وقت کی دُعا

اَللّٰھُمَّ اِنِّیْ اَسْئَلُکَ مِنْ فَضْلِکَ۔

ترجمہ: اے اللہ میں تجھ سے تیرے فضل کا سوال کرتا ہوں۔ (مسلم شریف)

نفلی اعتکاف کی دُعا

نَوَیۡتُ سُنَّةَ الۡاِعۡتِکَافِ اللّٰہِ تَعَالٰی۔

ترجمہ : میں نے سنّت اعتکاف کی نیت کی اللہ تعالٰی کے لئے۔

مرغ کی بانگ سُن کر پڑھنے کی دُعا

اَللّٰھُمَّ اِنِّیۡ اَسۡئَلُکَ مِنۡ فَضۡلِکَ۔

ترجمہ : یاالٰہی میں تجھ سے تیرے فضل کا سوال کرتا ہوں۔ (بخاری شریف)

بازار میں داخل ہوتے وقت کی دُعا

لَآ اِلٰہَ اِلَّا اللّٰہُ وَحۡدَہٗ لَا شَرِیۡکَ لَہٗ لَہُ الۡمُلۡکُ وَلَہُ

الۡحَمۡدُ یُحۡیِیۡ وَیُمِیۡتُ وَھُوَ حَیٌّ لَّا یَمُوۡتُ

بِیَدِہِ الۡخَیۡرُ وَھُوَ عَلٰی کُلِّ شَیۡءٍ قَدِیۡرٌ۔

اللہ تعالٰی کے سوا کوئی معبود نہیں وہ اکیلا ہے اس کا کوئی
ساجھی نہیں۔ اسی کے لے بادشاہت ہے اور اسکیے لئے تعریف
ہے۔ وہی زندگی دیتا ہے اور وہی موت دیتا ہے اور وہ زندہ ہے
کبھی نہ مریگا۔ اسی کے ہاتھ میں ہر قسم کی بھلائی ہے
وہ سب کچھ کرسکتا ہے۔ (ترمذی شریف)

پھل لیتے وقت کی دُعا

اَللّٰھُمَّ کَمَآ اَرَیْتَنَآ اَوَّلَہٗ فَاَرِنَآ اٰخِرَہٗ۔

ترجمہ : یا الٰہی جس طرح تو نے ہمیں اس کا اوّل دکھایا ہے تو اس کا آخر دکھا۔ (بیہقی)

کھانا کھانے کے آداب

کھانا کھانے سے پہلے سر ڈھانکیں۔ دونوں ہاتھ پہنچوں سے دھوئیں اور ہاتھ نہ پونچھے۔ منہ کا اگلا حصّہ دھوئیں۔ دستر خوان بچھائے۔ سنت طریقے پر بیٹھے۔ داھنے ہاتھ سے کھانا کھائے۔ کھانا کھاتے وقت دنیوی بات نہ کرے اور چپ بھی نہ بیٹھے یعنی دینی بات کرے۔

کھانا سامنے آئے اس وقت کی دُعا

اَللّٰھُمَّ بَارِکْ لَنَا فِیْ مَارَزَقْتَنَا وَقِنَا عَذَابَ النَّارِ بِسْمِ اللّٰہِ۔

ترجمہ : یا الٰہی تو نے جو رزق ہمیں عطا فرمایا ہے اس میں ہمارے لئے برکت فرما اور ہمیں دوزخ کے عذاب سے بچا۔ اللہ کے نام سے شروع۔

(شمائل ترمذی شریف)

کھانا کھانے سے پہلے کی دُعا

① بِسْمِ اللّٰهِ الَّذِيْ لَا يَضُرُّ مَعَ اسْمِهٖ شَيْءٌ فِي الْاَرْضِ وَلَا فِي السَّمَآءِ يَاحَيُّ يَاقَيُّوْمُ۔

ترجمہ : اللہ تعالٰی کے نام سے کہ جس کی برکت سے زمین و آسمان کی کوئی چیز نقصان نہیں پہنچا سکتی ۔ اے ہمیشہ زندہ (اور) اے قائم رہنے والے ۔ (دیلمی)

② بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِيْمِ۔

ترجمہ : اللہ کے نام سے شروع جو بہت مہربان رحمت والا۔ (بخاری)

③ بِسْمِ اللّٰهِ وَعَلٰى بَرَكَةِ اللّٰهِ۔

ترجمہ : اللہ تعالٰی کے نام سے (کھاتا ہوں) اور اللہ کی برکت پر۔ (حاکم)

پہلا لقمہ کھاتے وقت

يَاوَاسِعَ الْمَغْفِرَةِ۔

ترجمہ : اے بہت بخشنے والے (اپنی رحمت سے میری بھی بخشش فرما)۔ (شمائل ترمذی)

ہر لقمہ کھاتے وقت

يَاوَاجِدُ۔

ترجمہ : اے بہت بڑے غنی (بلاشبہ مخلوق محتاج ہے اور خالق غنی ہے)۔ (حصن حصین)

کھانا کھانے سے قبل بسم اللہ بھول جائے تو یہ دُعا پڑھے

بِسْمِ اللّٰهِ اَوَّلَهٗ وَاٰخِرَهٗ۔

ترجمہ : اللہ تعالیٰ کے نام سے اس کے پہلے اور اس کے آخر۔ (ابو داؤد)

کھانا کھانے کی بعد کی دُعا

اَلْحَمْدُ لِلّٰہِ الَّذِیْٓ اَطْعَمَنَا وَسَقَانَا

وَجَعَلَنَا مِنَ الْمُسْلِمِیْنَ.

ترجمہ : اللہ تعالٰی کا شکر ہے جس نے ہمیں کھلایا

پلایا اور مسلمانوں میں بنایا۔ (ابوداؤد)

دعوت کھانے کے بعد کی دُعا

اَللّٰھُمَّ اَطْعِمْ مَنْ اَطْعَمَنِیْ

وَاسْقِ مَنْ سَقَانِیْ.

ترجمہ : یاالٰہی اس کو کھلا جس نے مجھے کھلایا

اور اس کو پلا جس نے مجھے پلایا۔ (مسلم شریف)

دستر خوان اُٹھاتے وقت کی دُعا

اَلْحَمْدُ لِلّٰہِ حَمْدًا كَثِيْرًا طَيِّبًا مُّبَارَكًا فِيْهِ غَيْرَ مَكْفِيٍّ وَّلَا مُوَدَّعٍ وَّلَا مُسْتَغْنًى عَنْهُ رَبَّنَا۔

ترجمہ: سب تعریفیں عمدہ بابرکت حمد اللہ تعالیٰ کے لئے نہ اس پر کفایت ہو اور نہ اس کو چھوڑا جائے اور نہ اس سے بے نیاز ہو اسے ہمارے رب (ہماری حمد اپنی بارگاہ میں قبول فرما)۔

مریض کے ساتھ کھاتے وقت کی دُعا

بِسْمِ اللّٰہِ ثِقَةً بِاللّٰہِ وَتَوَكُّلًا عَلَيْهِ.

ترجمہ: اللہ تعالیٰ کے نام سے اس پر اعتماد اور بھروسہ کرتے ہوئے (کھاتا ہوں)۔ (ابوداوٗد)

میزبان کے گھر سے چلتے وقت
مہمان کی میزبان کے لئے دُعا

اَللّٰھُمَّ بَارِکْ لَھُمْ فِیْمَا رَزَقْتَھُمْ وَاغْفِرْ لَھُمْ وَارْحَمْھُمْ۔

ترجمہ : الٰہی توجوانہیں روزی دے اس میں برکت دے اور انہیں بخشش دے اوران پر رحم فرما۔ (مسلم)

دُعا

دُعا آسمان اور زمین کے درمیان معلق رہتی ہے جب تک کے تو اپنے نبی ﷺ پر دُرود نہ بھیجے۔

(ترمذی شریف)

(ہر دُعا سے اوّل و آخر دُرود شریف ضرور پڑھے)

دودھ پینے کے بعد یہ دُعا پڑھے

اَللّٰھُمَّ بَارِکْ لَنَا فِیْهِ وَزِدْنَا مِنْهُ.

ترجمہ : یاالٰہی ہمارے لئے اس میں برکت دے اور ہمیں اس سے زیادہ عنایت فرما۔ (ابوداؤد)

پانی پیتے وقت کی دُعا

بِسْمِ اللّٰہِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِیْمِ.

ترجمہ : اللہ کے نام سے شروع جو بہت مہربان رحمت والا۔ (ترمذی)

پانی پینے کے بعد کی دُعا

اَلْحَمْدُ لِلّٰہِ رَبِّ الْعٰلَمِیْنَ.

ترجمہ : سب خوبیاں اللہ کو جو مالک سارے جہان والوں کا۔ (ترمذی)

آبِ زم زم پیتے وقت کی دُعا

اَللّٰھُمَّ اِنِّیْ اَسْئَلُکَ عِلْمًا نَّافِعًا وَّ رِزْقًا وَّاسِعًا وَّ شِفَآءً مِّنْ کُلِّ دَآءٍ۔

ترجمہ : یا الٰہی میں تجھ سے علم نافع کا اور رزق کی کشادگی کا اور بیماری سے شفایابی کا سوال کرتا ہوں۔ (حصن حصین)

مصیبت زدہ کو دیکھتے وقت کی دُعا

زکام ، کھجلی ، آشوبِ چشم کے علاوہ کسی بھی مصیبت زدہ کو دیکھ کر یہ دُعا پڑھے تو اس بلا اور مصیبت محفوظ رہے گا۔

اَلْحَمْدُ لِلّٰہِ الَّذِیْ عَافَانِیْ مِمَّا ابْتَلَاکَ بِہٖ وَ فَضَّلَنِیْ عَلٰی کَثِیْرٍ مِّمَّنْ خَلَقَ تَفْضِیْلًا۔

ترجمہ : اللہ تعالٰی کا شکر ہے جس نے مجھے اس مصیبت سے عافیت دی۔ جس میں تجھے بتلا کیا۔ اور مجھے اپنی بہت سی مخلوق پر فضیلت دی۔ (ترمذی)

آئینہ دیکھتے وقت کی دُعا

اَللّٰھُمَّ اَنْتَ حَسَّنْتَ خَلْقِیْ فَحَسِّنْ خُلُقِیْ.

ترجمہ : یا اللہ تو نے میری صورت اچھی بنائی تو میری سیرت (اخلاق) بھی اچھی کر دے۔ (ابن حبّان)

نیا چاند دیکھتے وقت کی دُعا

اَللّٰھُمَّ اَهِلَّهٗ عَلَيْنَا بِالْيُمْنِ وَالْاِيْمَانِ وَالسَّلَامَةِ وَالْاِسْلَامِ وَالتَّوْفِيْقِ لِمَا تُحِبُّ وَتَرْضٰى رَبِّيْ وَرَبُّكَ اللّٰهُ.

ترجمہ : یاالٰہی اس چاند کو ہم پر برکت کے ساتھ اور ایمان و سلامتی اور اسلام اور اس چیز کی توفیق کے ساتھ نکال جس سے تو راضی ہوتا ہے۔ اور پسند کرتا ہے۔ (اے پہلی رات کے چاند) میرا اور تیرا رب اللہ تعالٰی ہے۔ (ترمذی)

جب بھی چاند پر نظر پڑے اس وقت کی دُعا

اَعُوْذُ بِاللّٰہِ مِنْ شَرِّ ھٰذَا الْغَاسِقِ.

ترجمہ : میں اللہ کی پناہ طلب کرتا ہوں اس تاریک ہوجانے والے کی برائی سے۔ (ترمذی)

ستاروں کو دیکھتے وقت کی دُعا

رَبَّنَا مَا خَلَقْتَ ھٰذَا بَاطِلًا.

سُبْحٰنَکَ فَقِنَا عَذَابَ النَّارِ.

اے رب ہمارے ! تو نے یہ بیکار نہ بنایا پاکی ہے تجھے تو ہمیں دوزخ کے عذاب سے بچالے۔ (سورۂ آل عمران)

ستارہ ٹوٹتا دیکھتے وقت کی دُعا

مَاشَآءَ اللّٰہُ لَا قُوَّۃَ اِلَّا بِاللّٰہِ.

ترجمہ : جو اللہ تعالی چاہے۔ کوئی قوت نہیں مگر اللہ تعالیٰ کی (مدد) سے۔ (ابن السنی)

لباس پہنتے وقت کی دُعا

اَلْحَمْدُ لِلّٰهِ الَّذِیْ كَسَانِیْ هٰذَا وَرَزَقَنِيْهِ مِنْ غَيْرِ حَوْلٍ مِّنِّیْ وَلَا قُوَّةٍ.

ترجمہ: تمام خوبیاں اللہ تعالیٰ کے لئے جس نے مجھ کو یہ کپڑا پہنایا اور میری قوت وطاقت کے بغیر مجھ کو عطا فرمایا (ابوداوٗد)

لباس اُتارتے وقت کی دُعا

بِسْمِ اللّٰهِ.

ترجمہ: اللہ تعالیٰ کے نام سے (کپڑے اتارتا ہوں)

(ابن ابی شیبہ بحوالہ حصن حصین)

نیا لباس پہنتے وقت کی دُعا

اَلْحَمْدُ لِلّٰهِ الَّذِیْ کَسَانِیْ

مَآ اُوَارِیْ بِهٖ عَوْرَتِیْ

وَاَتَجَمَّلُ بِهٖ فِیْ حَیَاتِیْ.

ترجمہ : تمام خوبیاں اللہ تعالیٰ کے لئے جس نے مجھے وہ کپڑا پہنایا جس سے میں اپنا ستر چھپاتا ہوں اور زندگی میں اس سے زینت کرتا ہوں۔ (ترمذی شریف)

سُرما ڈالتے وقت کی دُعا

اَللّٰهُمَّ مَتِّعْنِیْ بِالسَّمْعِ وَالْبَصَرِ.

ترجمہ : الٰہی مجھے سننے اور دیکھنے سے بہرہ مند (فائدہ اُٹھانے والا) کر۔ (ہمارا اسلام حصّہ اوّل)

تیل اور عطر لگاتے وقت کی دُعا

بِسۡمِ اللّٰہِ الرَّحۡمٰنِ الرَّحِیۡمِ۔

ترجمہ: اللہ کے نام سے شروع جو بہت مہربان رحمت والا۔

(ابن حبان)

گلاب کے پھول سُونگھتے وقت کی دُعا

اَلصَّلٰوۃُ وَالسَّلَامُ عَلَیۡکَ یَارَسُوۡلَ اللّٰہِ۔

وَعَلٰی اٰلِکَ وَاَصۡحَابِکَ یَانُوۡرَ اللّٰہِ۔

(نزہۃ المجالس)

دیدارِ مصطفےٰ ﷺ کی دُعا

کثرت کے ساتھ درود و سلام کے نورانی گلدستے بارگاہ مصطفوی ﷺ میں پیش کرنا۔ (کتب عام)

انگوٹھے چومتے وقت کی دُعا

صَلَّی اللّٰہُ عَلَیْکَ یَارَسُوْلَ اللّٰہِ.

قُرَّۃُ عَیْنِیْ بِکَ یَارَسُوْلَ اللّٰہِ.

ترجمہ: اے اللہ کے رسول ﷺ آپ پر اللہ تعالیٰ رحمت کاملہ نازل فرمائے۔ یارسول اللہ ﷺ آپ میری آنکھوں کی ٹھنڈک ہیں۔ الٰہی مجھے سننے اور دیکھنے (کی قوت سے) فائدہ اٹھانے والا کر۔

ناخن تراشنے کا طریقہ

ناخن تراشنے کا آسان طریقہ جو حضور اقدس ﷺ
سے مروی ہے وہ یہ ہے کہ داہنے ہاتھ کی کلمہ کی
انگلی سے شروع کرے اور چھنگلیاں پر ختم کرے
پھر بائیں ہاتھ کی چھنگلیاں سے شروع کرے اور
انگوٹھے پر ختم کرے اس کے بعد اب سیدھے ہاتھ
کے انگوٹھے کا ناخن تراشے اس صورت میں ناخن
تراشنے کا عمل سیدھے سے شروع ہو کر سیدھے
ہاتھ ہی پر ختم ہو گا۔

پاؤں کے ناخن ترشوانے میں کوئی ترتیب منقول نہیں،
بہتر یہ ہے کہ پاؤں کی انگلیوں میں خلال کرنے
کی جو ترتیب ہے اسی ترتیب سے ناخن ترشوائے یعنی
دہنے پاؤں کی چھنگلیا سے شروع کر کے انگوٹھے پر
ختم کرے پھر بائیں پاؤں کے انگوٹھے سے شروع
کر کے چھنگلیا پر ختم کرے۔ (درمختار)
(بہار شریعت حصّہ سولہ)

علم میں اضافے کی دُعا

رَبِّ زِدۡنِیۡ عِلۡمًا.

ترجمہ : اے میرے رب مجھے علم زیادہ دے۔

(سورۃ طٰہٰ آیت 114, کنزالایمان)

کسی مسلمان کو ہنستا دیکھکر پڑھنے کی دُعا

اَضۡحَکَ اللّٰہُ سِنَّکَ.

ترجمہ : اللہ تعالٰی تجھے ہنستا رکھے۔ (بخاری)

مغفرت کی دُعا دینے پر

غَفَرَ اللّٰہُ لَکَ.

ترجمہ : اللہ تعالٰی تیری (بھی) مغفرت فرمائے۔ (مسلم)

محسن کا شکریہ ادا کرنے کی دُعا

جَزَاکَ اللّٰہُ خَیْرًا.

ترجمہ: اللہ تعالیٰ تجھے (احسان کرنے کی) جزائے خیر دے۔ (ترمذی)

ھدیہ لیتے وقت کی دُعا

بَارَکَ اللّٰہُ فِیْ اَھْلِکَ وَ مٰلِکَ.

ترجمہ: اللہ تعالیٰ تیرے اہل و مال میں برکت عطا فرمائے۔ (بخاری)

ادائے قرض کی دُعا

اَللّٰھُمَّ اکْفِنِیْ بِحَلَالِكَ عَنْ حَرَامِكَ
وَاَغْنِنِیْ بِفَضْلِكَ عَمَّنْ سِوَاكَ.

ترجمہ: اے اللہ مجھے کفایت دے اپنا حلال رزق دے کر حرام رزق سے بچا اور مجھے اپنے فضل کے ساتھ اپنے سوا دوسروں سے بے نیاز کر دے۔ (المستدرک)

ادائے قرض کی دُعا صبح و شام

ایک ایک بار، غم واَلم سے بچے، ادائے قرض کیلیئے
گیارہ گیارہ بار پڑھے۔

اَللّٰھُمَّ اِنّیِ اَعُوْذُبِکَ مِنَ الْھَمِّ
وَالْحُزْنِ وَاَعُوْذُبِکَ مِنَ الْعَجْزِ
وَالْکَسَلِ وَاَعُوْذُبِکَ مِنَ الْجُبْنِ
وَالْبُخْلِ وَاَعُوْذُبِکَ مِنْ غَلَبَۃِ
الدَّیْنِ وَقَھْرِ الرِّجَالَ.

ترجمہ : اے اللہ عزوجل میں غم واَلم، عجز و سستی،
بزدلی و بُخل، قرضے کے غلبے اور لوگوں کے قہر سے
تیری پناہ مانگتاں ہوں۔ (ابوداؤد)

ادائے قرض پر قرض خواہ کی دُعا

اَوۡفَیۡتَنِیۡ اَوۡفَی اللّٰہُ بِکَ.

ترجمہ : اللہ تعالیٰ تجھے پورا ثواب عطا فرمائے کہ (تونے) میرا پورا قرض ادا کیا۔ (بخاری شریف)

کوئی بھی نیا کام شروع کرتے وقت کی دُعا

بِسۡمِ اللّٰہِ مَجۡرٖہَا وَمُرۡسٰـہَا ؕ

اِنَّ رَبِّیۡ لَغَفُوۡرٌ رَّحِیۡمٌ.

ترجمہ : اللہ کے نام پر اس کا چلنا اور اس کا ٹھہرنا بیشک میرا رب ضرور بخشنے والا مہربان ہے۔

(سورۃ ھود کنزالایمان)

سفر کے آداب

جب سفر کا ارادہ کرے تو ان دعاؤں کو پڑھ لے۔ اور دو رکعت نماز سفر کی پڑھ لے۔ نماز سفر پڑھنے کا طریقہ وہی ہے جو دو رکعت نماز نفل کا ہے۔ طبرانی کی حدیث میں ارشاد فرمایا گیا کسی نے اپنے اہل کے پاس ان دو رکعتوں سے بہتر نہ چھوڑا جو بوقت ارادۂ سفر ان کے پاس پڑھیں۔ (بہار شریعت)

سفر میں خوشحالی کی دُعا

۱. سورۃ الکافرون۔ ایک مرتبہ
۲. سورۃ النصر۔ ایک مرتبہ
۳. سورۃ الاخلاص۔ ایک مرتبہ
۴. سورۃ الفلق۔ ایک مرتبہ
۵. سورۃ الناس۔ ایک مرتبہ

سفر شروع کرنے سے پہلے ان پانچوں سورتوں کو پڑھے
اور اسی ترتیب سے پڑھے جو اوپر تحریر کی گئی ہے۔
ہر سورت کی ابتداء میں بسم اللہ الرحمن الرحیم پڑھے اور
جب آخر میں سورۃ (الناس) پڑھ چکے تو پھر بسم اللہ
الرحمن الرحیم پڑھے۔ جو شخص ان سورتوں کو سفر
سے پہلے پڑھ لے تو اس کے لئے سفر میں خوشحالی ہوگی۔
ترجمہ: ان پانچوں سورتوں کا ترجمہ کنزالایمان فی
ترجمۃ القرآن میں دیکھے۔

سواری پر سوار ہوتے وقت کی دُعا

بِسْمِ اللّٰهِ.

ترجمہ: اللہ کے نام سے (سوار ہوتا ہوں)۔ (ابوداؤد)

سواری پر اطمینان سے بیٹھ جانے پر دُعا

اَلْحَمْدُ لِلّٰهِ. سُبْحَانَ الَّذِیْ سَخَّرَ لَنَا هٰذَا وَمَا كُنَّا لَهٗ مُقْرِنِیْنَ وَاِنَّآ اِلٰی رَبِّنَا لَمُنْقَلِبُوْنَ.

ترجمہ : اللہ تعالیٰ کا شکر ہے۔ پاک ہے وہ جس نے ہمارے لئے اسے (سواری کو) مسخّر کیا اور ہم اس کو فرمانبردار نہیں بنا سکتے تھے۔ (ابوداؤد)

کشتی یا بحری جہاز پر سوار ہونے کی دُعا

بِسۡمِ اللّٰہِ مَجۡرٖھَا وَمُرۡسٰھَا ؕ

اِنَّ رَبِّیۡ لَغَفُوۡرٌ رَّحِیۡمٌ۔

ترجمہ : اللہ کے نام پر اس کا چلنا اور اس کا ٹھہرنا بیشک
میرا رب ضرور بخشنے والا مہربان ہے۔ (سورۂ ھود کنزالایمان)

جب سفر شروع کردے تو اس دُعا کو پڑھے اور اسی
سفر سے لوٹتے وقت واپسی پر بھی اسی دُعا کو پڑھے

آئِبُوۡنَ تَائِبُوۡنَ عَابِدُوۡنَ

لِرَبِّنَا حَامِدُوۡنَ۔

ترجمہ : ہم لوٹنے والے ہیں، توبہ کرنے والے ہیں،
عبادت کرنے والے ہیں اپنے رب کی حمد کرنے
والے ہیں۔ (مسلم شریف)

سفر سے بخیریت واپس آنے کی دُعا

اِنَّ الَّذِیۡ فَرَضَ عَلَیۡکَ

الۡقُرۡاٰنَ لَرَآدُّکَ اِلٰی مَعَادٍ.

ترجمہ : بیشک جس نے تم پر قرآن فرض کیا وہ تمہیں پھیر لے جائے گا جہاں پھرنا چاہتے ہو۔ (سورۃ القصص ، کنزالایمان)

بلندی پر چڑھتے وقت کی دُعا

اَللّٰہُ اَکۡبَرُ.

اللہ تعالی سب سے بڑا ہے۔ (بخاری)

بلندی سے اترتے وقت کی دُعا

سُبۡحَانَ اللّٰہِ.

ترجمہ : اللہ پاک ہے۔ (بخاری)

کسی منزل میں قیام کرنے کے وقت کی دُعا

اَعُوْذُ بِكَلِمَاتِ اللّٰهِ التَّآمَّاتِ مِنْ شَرِّ مَا خَلَقَ.

ترجمہ: میں اللہ تعالیٰ کے کلماتِ تامّہ (کامل) کی پناہ لیتا ہوں اس چیز کی برائی سے جو اس نے پیدا کی ہے۔ (ترمذی)

نبی اکرم ﷺ جمعرات کے دن سفر پر نکلنا پسند فرماتے تھے۔
(بخاری و مسلم)

طلبِ باراں کی دُعا

اَللّٰھُمَّ اسْقِنَا . اَللّٰھُمَّ اَغِثْنَا .

ترجمہ : یا الٰہی ہمیں پانی دے ۔ یا الٰہی ہمیں بارش دے ۔

(بخاری)

بارش کے وقت کی دُعا

اَللّٰھُمَّ سُقْیًا نَّافِعًا .

ترجمہ : یا الٰہی ایسا پانی برسا جو نفع پہنچائے ۔

(سنن البیھقی الکبریٰ)

بارش کی زیادتی کے وقت کی دُعا

اَللّٰهُمَّ حَوَالَيْنَا وَلَا عَلَيْنَا

اَللّٰهُمَّ عَلَى الْاٰكَامِ وَالْجِبَالِ

وَالظِّرَابِ وَالْاَوْدِيَةِ

وَمَنَابِتِ الشَّجَرِ.

ترجمہ : یاالٰہی ہمارے ارد گرد برسا ہم پر نہ برسا یاالٰہی ٹیلوں اور پہاڑوں اور نالوں اور درخت اُگنے کے مقامات پر (یعنی جہاں جانی ومالی نقصان ہونے کے اندیشہ نہ ہو)۔ (بخاری شریف)

بادل کی گرج اور بجلی کی کڑک کے وقت کی دُعا

اَللّٰھُمَّ لَا تَقْتُلْنَا بِغَضَبِکَ

وَلَا تُھْلِکْنَا بِعَذَابِکَ

وَعَافِنَا قَبْلَ ذَالِکَ.

ترجمہ : یا الٰہی تو اپنے غضب سے ہم کو قتل نہ فرما۔
اور اپنے عذاب سے ہمیں ہلاک نہ فرما اور اس کے
آنے سے قبل ہمیں عافیت دے ۔ (ترمذی)

آندھی کے وقت کی دُعا

